کالج اور کیریئر کے لیے صحیح بچت اکاؤنٹ منتخب کریں

NYC KiDS RiSE Save for College Program

اپنے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) آپ کے فعال کر لینے اور دیکھ لینے پر، آپ کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) میں دوسرا اقدام اختیار کر سکتے ہیں: آپ کے بچے کے فائدے کے لیے کالج اور کیریئر کے لیے کوئی بچت اکاؤنٹ کھولنا جس کے مالک آپ ہوتے ہیں! یہ اقدام اختیار کرنے پر آپ کو اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے لیے NYC Kids RISE کی جانب سے $25 انعام ملے گا۔

ذیل کی ورک شیٹ کا استعمال کر کے کالج کے لیے بچت پروگرام کی معرفت دستیاب اکاؤنٹ کے دو اختیارات کے بیچ فرق کے بارے میں جانیں، آپ کے لیے بہترین کارگر ہونے والے اختیارات کو نشان زد کریں، خود اپنے سوالات کا نوٹ بنائیں اور شناخت کریں کہ کون سا اکاؤنٹ آپ کے لیے سب سے زیادہ بامعنی ہے۔

	NY 529 *Direct Plan* اکاؤنٹ	Amalgamated کالج کے لیے بچت بینک اکاؤنٹ
یہ کیا ہے؟	☐ 529 اکاؤنٹ ایک قسم کا سرمایہ کاری اکاؤنٹ ہے جو کالج اور کیریئر کی تربیت کے لیے بچت کرنے میں فیملیز کی مدد کے لیے بنایا گیا ہے۔ 529 اکاؤنٹ میں موجود پیسہ وقت کے ساتھ بڑھ سکتا ہے، لیکن اس کی مالیت کم بھی ہو سکتی ہے۔ اس اکاؤنٹ میں موجود پیسہ ٹیکس فری بڑھتا ہے اور اس پر ہونے والی کمائیاں اگر اہل اداروں میں اعلی تعلیم کے لیے اہل قرار یافتہ اخراجات کے لیے استعمال کی جائیں تو نکالنے پر ٹیکس فری ہیں۔	☐ یہ Amalgamated Bank میں ایک روایتی بچت اکاؤنٹ ہے، نیز بچہ استفادہ کنندہ کے بطور نامزد ہوتا ہے۔ اس بچت اکاؤنٹ میں ہونے والی ڈپازٹس فیڈرل ڈپازٹ انشورنس کارپوریشن (Federal Deposit Insurance Corporation, FDIC) کی جانب سے $250,000 تک بیمہ شدہ ہیں۔[1]
میں کس طرح یہ اکاؤنٹ کھول اور اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ سے مربوط کر سکتا ہوں؟	☐ Savings Tracker (ایک آن لائن پورٹل جس پر والدین/سرپرست حضرات اپنے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ دیکھ سکتے ہیں) میں nyckidsrise.org پر پھر سے لاگ ان کریں اور NY 529 *Direct Plan* کی اپنی درخواست شروع کرنے کے لیے بنائیں/مربوط کریں بٹن پر کلک کریں۔	☐ NYC میں واقع Amalgamated Bank کی کسی شاخ میں جائیں اور Amalgamated کالج کے لیے بچت بینک اکاؤنٹ کھولنے کے بارے میں پوچھیں۔ اپنی قریب ترین شاخ amalgamatedbank.com/find-branch-or-atm پر تلاش کریں۔ ☐ مزید معلومات کے لیے، Amalgamated Bank سے رابطہ کریں: 800-662-0860۔
بچتیں وقت گزرنے پر کس طرح تبدیل ہو سکتی ہیں؟	☐ اس اکاؤنٹ میں موجود پیسہ وقت کے ساتھ بڑھ سکتا ہے، لیکن منتخب کردہ سرمایہ کاریوں کی بنیاد پر اس کی مالیت کم بھی ہو سکتی ہے۔	☐ اس اکاؤنٹ میں موجود پیسے پر سود ملے گا۔
کیا اس اکاؤنٹ کے ساتھ ٹیکس کے فوائد ہیں؟	☐ اس اکاؤنٹ کے ساتھ ٹیکس کے فوائد ہوتے ہیں، جس میں ٹیکس فری کمائیاں اور امکانی ریاستی انکم ٹیکس والی کٹوتیاں شامل ہیں۔ • اس اکاؤنٹ میں موجود پیسہ ریاستی اور وفاقی ٹیکس مؤخر شدہ کو بڑھاتا ہے، مطلب یہ کہ کمائیاں آپ کی قابل ٹیکس آمدنی کے ضمن میں شمار نہیں ہوتی ہیں۔ • نیو یارک ریاست کے ٹیکس دہندگان ریاستی قابل ٹیکس آمدنی کا حساب کرتے وقت اس اکاؤنٹ میں زر تعاون کے مدنظر $5,000 تک فی سال (مشترکہ طور پر فائل کرنے والے شادی شدہ جوڑوں کے لیے $10,000) تک وضع کر سکتے ہیں۔ • ریاستی ٹیکس کی کٹوتیاں مخصوص حالات جیسے دوسری ریاست کے 529 پلان میں توسیع یا غیر اہل قرار یافتہ نکاسیوں کی صورت میں دوبارہ واپسی کی مستوجب ہو سکتی ہیں۔ • نکاسیاں وفاقی اور NY اسٹیٹ سے ٹیکس فری ہیں، تاوقتیکہ انہیں اعلی تعلیم کے لیے اہل قرار یافتہ اخراجات کے لیے استعمال کیا جائے۔[2]	☐ اس اکاؤنٹ کے ساتھ ٹیکس فوائد **نہیں** ہیں۔
اکاؤنٹ کھولنے کے لیے مجھے کیا چیز درکار ہے؟	☐ اس اکاؤنٹ میں اندراج کرانے کے لیے، آپ کو درکار ہوگا: • اکاؤنٹ مالک یا استفادہ کنندہ کے لیے ایک درست سوشل سیکورٹی نمبر (Social Security Number, SSN) یا انفرادی ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر (Individual Taxpayer Identification Number, ITIN)؛ • اکاؤنٹ مالک اور استفادہ کنندہ کی تاریخ پیدائش؛ • اکاؤنٹ مالک کے لیے آن لائن اندراج کرانے کے لیے ایک ای میل پتہ؛ • ایک مصدقہ امریکی پتہ۔	☐ اس اکاؤنٹ میں اندراج کرانے کے لیے، آپ کو درکار ہوگا: • اکاؤنٹ مالک یا استفادہ کنندہ کا ایک درست سوشل سیکورٹی نمبر (SSN) یا انفرادی ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر (ITIN)؛ • اکاؤنٹ مالک کی درست باتصویر ID؛ • اکاؤنٹ مالک کا پتہ اور تاریخ پیدائش؛ • بچے کا نام اور تاریخ پیدائش؛ اور • اکاؤنٹ مالک کے لیے ای میل پتہ (تجویز کردہ)۔
بچتوں کو کس چیز کے لیے استعمال کیا جائے گا؟	☐ اس اکاؤنٹ میں موجود پیسہ صریحی طور پر کالج اور کیریئر کے تعلیمی اخراجات (بشمول درسی کتابوں، لیپ ٹاپ، ٹیوشن، وغیرہ) کے لیے نشان زد ہے۔ اس اکاؤنٹ سے پیسے نکالنے پر ٹیکس کے جرمانے لگ سکتے ہیں اگر وہ پیسہ اعلی تعلیم کے اخراجات کے لیے استعمال نہیں ہوتا ہے۔	☐ اس اکاؤنٹ میں ہونے والے استعمال پر کوئی قانونی پابندی نہیں ہے۔ اس اکاؤنٹ کے ساتھ نکاسی پر کوئی جرمانہ نہیں ہے۔ تاہم، اس قسم کے اکاؤنٹ کا مقصد بچے کے کالج اور کیریئر کی تعلیم کے لیے ہے اور دیگر مقاصد کے لیے نہیں ہے۔

[1] معیاری ڈپازٹ کے بیمہ کوریج کی حد $250,000 فی ڈپازٹر، فی FDIC بیمہ شدہ بینک، فی ملکیت کا زمرہ ہے۔ ملکیت کے مختلف زمروں میں رکھی گئی ڈپازٹس علیحدہ طور پر، کم از کم $250,000 تک بیمہ شدہ ہیں، چاہے اسے اسی بینک میں رکھا گیا ہو۔

[2] وفاقی غیر اہل قرار یافتہ نکاسیوں پر ہونے والی کمائی وفاقی انکم ٹیکس اور 10% وفاقی جرمانہ ٹیکس، نیز ریاستی اور مقامی انکم ٹیکس کی مستوجب ہو سکتی ہے۔ نیو یارک ریاست کی ٹیکس کی کٹوتیاں مخصوص حالات جیسے دوسری ریاست کے 529 پلان میں توسیع، یا ابتدائی یا ثانوی اسکول کے ٹیوشن، رجسٹرڈ اپرینٹس شپ پروگرام کے اخراجات کی ادائیگی، یا اہل قرار ریافتہ تعلیمی قرض کی باز ادائیگی کے لیے مستعمل نکاسیوں کی صورت میں دوبارہ واپسی کی مستوجب ہو سکتی ہیں جیسا کہ افشاء سے متعلق کتابچہ اور ٹیوشن کے لیے بچت معاہدہ میں بیان کیا گیا ہے۔ غیر مکین نیو یارک کے ٹیکس دہندگان کے لیے ریاستی ٹیکس کے فوائد مختلف ہو سکتے ہیں۔ ٹیکس اور دیگر فوائد دیگر تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے مشروط ہوتے ہیں۔ براہ کرم اپنی مخصوص صورتحال کے بارے میں ٹیکس کے مشیر سے رجوع کریں۔

جاری ⟵

کالج اور کیریئر کے لیے صحیح بچت اکاؤنٹ منتخب کریں

NYC KiDS RiSE Save for College Program

	NY 529 *Direct Plan* اکاؤنٹ	Amalgamated کالج کے لیے بچت بینک اکاؤنٹ
مجھے اکاؤنٹ میں کتنا پیسہ جمع کروانا ہے اور کیا کوئی کم سے کم بیلنس ہے؟	☐ اس اکاؤنٹ کے لیے کوئی اقل رقم ڈیپازٹ کروانا مطلوب نہیں ہے۔ تاہم، اگر چھ ماہ کے بعد کوئی ڈیپازٹ نہیں ہوتا ہے تو NY 529 آپ کا اکاؤنٹ بند کر سکتا ہے۔ اگر وہ اکاؤنٹ بند کرتے ہیں تو NY 529 اکاؤنٹ دوبارہ کھولنے کے طریقے کی ہدایات کے ساتھ بذریعہ ای میل آپ کو معلومات بھیجے گا۔ ان کے ذریعہ اکاؤنٹ بند کر دینے پر، آپ کے پاس چیک یا منی آرڈر میل کر کے یا NY 529 کو 2837-697-877 پر کال کر کے ڈیپازٹ کروانے کے لیے (جو $1 جتنا معمولی ہو سکتا ہے) چھ ماہ کا ایک اور موقع ہوگا۔ اگر آپ اس وقت کے اندر ڈیپازٹ نہیں کرواتے ہیں تو اپنا اکاؤنٹ دوبارہ کھولنے کے لیے آپ کو ایک نیا اندراج فارم پُر کرنا ہوگا۔	☐ اس اکاؤنٹ کے لیے کوئی کم سے کم بیلنس یا اقل رقم ڈیپازٹ کروانا مطلوب نہیں ہے۔ تاہم، اگر آپ اپنے اکاؤنٹ میں کوئی فنڈ ڈیپازٹ نہیں کرواتے ہیں تو نو ماہ کے بعد یہ بند ہو سکتا ہے، لہٰذا ہم آپ کو اسے کھولنے کے فوراً بعد کم سے کم $5 ڈیپازٹ کروانے کی ترغیب دیتے ہیں۔
مجھے اکاؤنٹ میں کتنی بار ڈیپازٹ کروانا ہوتا ہے؟	☐ آپ اس اکاؤنٹ میں جتنی بھی رقم چاہیں جمع کروا سکتے ہیں اور جتنی بھی رقم چاہیں (NY 529 *Direct Plan* سے اجازت یافتہ زیادہ سے زیادہ اکاؤنٹ بیلنس تک) رکھ سکتے ہیں۔	☐ آپ اس اکاؤنٹ میں جتنی بھی رقم چاہیں جمع کروا سکتے ہیں اور جتنی بھی رقم چاہیں رکھ سکتے ہیں۔ آپ کو پہلے 9 ماہ کے اندر کم از کم ایک ڈیپازٹ کروانا ہوتا ہے۔
کیا اس اکاؤنٹ میں پیسے کی بچت کرنے سے عوامی مراعات کی میری اہلیت متاثر ہو سکتی ہے؟	☐ امکان ہے۔ عوامی مراعات کے اثرات پر مزید معلومات پتہ کرنے کے لیے nyckidsrise.org/downloadable-resources ملاحظہ کریں۔ مزید تعاون کے لیے، NYC Kids RISE کو 833-KID-RISE (833-543-7473) پر کال کریں۔	☐ امکان ہے۔ عوامی مراعات کے اثرات پر مزید معلومات پتہ کرنے کے لیے nyckidsrise.org/downloadable-resources ملاحظہ کریں۔ مزید تعاون کے لیے، NYC Kids RISE کو 833-KID-RISE (833-543-7473) پر کال کریں۔
کیا اس اکاؤنٹ میں موجود بچتیں وفاقی اور ریاستی مالی امداد کے لیے (مالی امداد کے موجودہ اصولوں کے مطابق) میرے بچے کی اہلیت کو متاثر کر سکتی ہیں؟	☐ امکان ہے۔ اگر آپ کی گھریلو آمدنی $50,000 سے کم ہے تو اس اکاؤنٹ میں موجود بچتیں عموماً وفاقی مالی امداد کے لیے آپ کے بچے کی اہلیت متاثر نہیں کریں گی۔ اگر آپ کی گھریلو آمدنی $50,000 سے زیادہ ہے تو اس اکاؤنٹ میں موجود بچتوں کا صرف ایک معمولی حصہ وفاقی مالی امداد کی اہلیت کے ضمن میں شمار کیا جائے گا۔ یہ جوابات آئندہ سالوں میں تبدیل ہو سکتے ہیں۔ مزید تفصیلی معلومات کے لیے، "آئندہ مالی امداد پر اثر" نامی رہنما ہماری ویب سائٹ پر پڑھیں: nyckidsrise.org/downloadable-resources/#additional-materials.	☐ امکان ہے۔ اگر آپ کی گھریلو آمدنی $50,000 سے کم ہے تو اس اکاؤنٹ میں موجود بچتیں عموماً وفاقی مالی امداد کے لیے آپ کے بچے کی اہلیت متاثر نہیں کریں گی۔ اگر آپ کی گھریلو آمدنی $50,000 سے زیادہ ہے تو اس اکاؤنٹ میں موجود بچتوں کا صرف ایک معمولی حصہ وفاقی مالی امداد کی اہلیت کے ضمن میں شمار کیا جائے گا۔ یہ جوابات آئندہ سالوں میں تبدیل ہو سکتے ہیں۔ مزید تفصیلی معلومات کے لیے، "آئندہ مالی امداد پر اثر" (Impact on Future Financial Aid) نامی رہنما ہماری ویب سائٹ پر پڑھیں: nyckidsrise.org/downloadable-resources/#additional-materials.
ہر اکاؤنٹ کے لیے جتنے چیک باکسز آپ نے منتخب کیے انہیں شمار کرنے کے لیے یہ جگہ استعمال کریں اور فوائد اور خامیوں کا خلاصہ بیان کریں ←		

نوٹ: کالج کے لیے بچت کرنے کے صرف یہی طریقے نہیں ہیں۔ تاہم، کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ کے لیے کالج کے لیے بچت پروگرام کی فراہم کردہ مخصوص خصوصیات اور فوائد صرف ان دو اختیارات کے لیے دستیاب ہیں۔ NYC Kids RISE سرمایہ کاری کا مشورہ فراہم نہیں کرتا ہے یا کسی مخصوص قسم کے کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ کی تجویز پیش نہیں کرتا ہے۔ ہر فیملی کے مالی حالات مختلف ہوتے ہیں اور بچت یا سرمایہ کاری سے قبل آپ کو خود اپنے حالات پر غور کرنا چاہیے۔ آپ دیگر متبادل تلاش کرنے کے خواہاں ہو سکتے ہیں، جیسے دوسری ریاستوں کے پیش کردہ 529 پلان اور دوسرے بینکوں کے پیش کردہ بچت اکاؤنٹس، تاکہ یہ پتہ کیا جائے کہ آیا وہ آپ اور آپ کی فیملی کے لیے بہتر طور پر فٹ ہو سکتے ہیں۔

NYC Kids RISE کا کالج کے لیے بچت پروگرام اسکالرشپ اور بچتوں کا ایک پروگرام ہے جسے ایک غیر منفعتی تنظیم، NYC Kids RISE Inc. NYC محکمۂ تعلیم (NYC Department of Education) اور سٹی آف نیو یارک کے اشتراک سے چلاتی ہے۔ NYC Kids RISE نہ تو New York's 529 College Savings Program سے الحاق یافتہ ہے نہ ہی اس کا مجاز تقسیم کار ہے اور یہ سرمایہ کاری کی وکالت نہیں کرتا ہے یا سرمایہ کاری کا مشورہ فراہم نہیں کرتا ہے۔ سٹی آف نیو یارک اور NYC محکمۂ تعلیم NY 529 پروگرام مینیجر اور کسی خاص کالج کے لیے بچت یا دیگر سرمایہ کاری کے وسیلے، بشمول کالج کے لیے بچت پروگرام کے ذریعے فیملیز کو جن وسائل کے بارے میں علم ہو سکتا ہے ان کی تائید یا ان کے بارے میں تجویز پیش نہیں کرتا ہے اور اس کا اس پر کوئی کنٹرول، اس کی ملکیت یا اس کے ساتھ کوئی الحاق نہیں ہے۔

nyckidsrise.org
info@nyckidsrise.org
833-543-7473

NYC KiDS RiSE™ | Save for College Program